## آنتوں کے کینسر کی جانچ کیا ہوتی ہے ؟

کینسر کی جانچ کا مقصد یہ ہے کہ کینسر کو شروع ہونے سے پہلے ہی روکا جاسکے کیونکہ تب اُس کا علاج آسان ہوتا ہے۔

این ایچ ایس ایک کِٹ مفت بھیجے گی جس میں آپ کو اپنے پاخانے کا تھوڑا سا نمونہ بھیجنا ہوگا۔ اسے لیبارٹری میں خون کی تھوڑی سی مقدار کے لیے چیک کیا جاتا ہے۔

خون موجود ہونے کا مطلب ہے کہ اندر دانے ہو گئے ہیں یا آنتوں کا کینسر ہے ۔ دانے آنتوں کے اندر پیدا ہوتے ہیں جو آگے چل کر کینسر بن سکتے ہیں ۔ اگر جانچ سے کسی غیر معمولی مسئلے کا پتہ چلا تو شاید آپ کے کچھ اور بھی ٹیسٹ کیے جائیں۔

کسی بھی عمر میں اگر آپ کی آنتوں میں کینسر کی علامات ہیں تو اپنے جی پی سے رابطہ کریں، چاہے آپ نے کچھ دنوں پہلے ہی کینسر کی جانچ کرائی ہو۔

## اِس جانچ کی آفر کیوں کی جا رہی ہے ؟

یہ کینسر عام طور پر پایا جاتا ہے اور جانچ کراتےرہنے سے اُسے روکا جا سکتا ہے یا شروع ہوتے ہی پتہ لگایا جا سکتا ہے جب اس کا علاج آسان ہوتا ہے ۔

## آنتوں کے کینسر کی جانچ کس کے لیے ہے ؟

یہ 56 سے 74 سال کے لوگوں کے لیے ہے ۔ جب آپ اِس عمر کے ہوں گے تو ہر دو سال بعد ایک کِٹ آپ کو بھی بھیجی جائے گی، اور جب بھی ملے اُس کو مکمل کریں۔

## جانچ کِٹ کس طرح حاصل کی جا سکتی ہے ؟

جو بھی انگلینڈ میں رہتا ہے اورجی پی کے ساتھ رجسٹرڈ ہے اُس کے گھر پر بن مانگے ٹیسٹ کِٹ بھیجی جاتی ہے۔

## جانچ کا نتیجہ مجھے کب ملے گا ؟

دو ہفتوں کے اندر نتیجہ بھیج دیا جائےگا ۔ مزید ٹیسٹ کیے جانے ہوئے تو آپ کو بتایا جائے گا لیکن اِس کا یہ مطلب نہیں کہ آنتوں میں کینسر ہے۔

NHS

# آنتوں کا کینسر جانچ کرنے والی کِٹ کو نظر انداز نہ کریں۔

Screening saves lives

Help us help you

مفت ہیلپ لائن :
0800 707 6060

## جانچ کرنے کی کِٹ کس طرح استعمال کی جائے

1. نمونے کی بوتل پر تاریخ لکھیں
2. کسی ڈبے میں یا ٹائلیٹ پیپر کی تہوں پر اپنے پاخانےکا نمونہ لیں
3. پاخانے کو ٹائلیٹ کے پانی تک نہ پہنچنے دیں
4. نمونے کی بوتل کا ڈھکن موڑ کر کھو لیں جس پر ایک اسٹِک لگی ہے



5. اسٹِک پر پاخانہ لگائیں، اس طرح کہ اُس کی گولائی کے پَیچدار حصے پوری طرح بھر جائیں
6. ٹیسٹ کے لیے ہمیں تھوڑا سا نمونہ چاہئیے۔ اُس سے زیادہ نہ بھیجیں

7. اسٹِک کو واپس بوتل میں ڈالیں اور بوتل کو ڈھکن سے بند کریں
8. اس کے بعد بوتل کو دوبارہ نہ کھو لیں
9. نمونہ جمع کر نے کے بعد اپنے ہاتھ دھوئیں
10. نمونے کی بوتل مفت واپس بھیجے جانے والے لفافے میں ڈالیں
11. لفافے پر لگی ٹَیپ نکال کر اُس کو بند کرکے پوسٹ کردیں
12. ٹیسٹ کانتیجہ دو ہفتوں کے اندر آپ کو مل جانا چاہئیے



# آنتوں کے کینسر کی جانچ کروانے کو نظر انداز نا کریں

اگر آ پ کو ٹیسٹ کِٹ بھیجی گئی ہے تو اس کو مکمل کرکے جتنی جلدی ہو واپس کریں .